**نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب**

**21- ڈیوس روڈ لاہور**

**Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com**

**www.facebook.com/AgriDepartment**

**پریس ریلیز**

## محکمه زراعت پنجاب نے دھان کی تنے کی سنڈیوں کے تدارک بارے ایڈوائزری جاری کر دی

**لاہور،22جولائی2026:** ایڈوائزری میں دھان کے کاشتکاروں کو کہا گیا ہے کہ دھان کی فصل خصوصاً باسمتی اقسام پر تنے کی سنڈیوں کا زیادہ حملہ ہوتا ہے۔ سنڈیاں تنے کے اندر داخل ہو کر کھاتی رہتی ہیں جس کے باعث تنے کی کونپل سوکھ جاتی ہے۔ایڈوائزری میں مزید کہا گیا ہے کہ تنے کی سنڈیوں کا حملہ اگر سٹے بنتے وقت ہو تو حملہ شدہ تنوں کے سٹے سفید ہو جاتے ہیں اور ان میں دانے نہیں بنتے۔ان سے بچاؤ کیلئے دھان کے کاشتکار کھیتوں اور اس کے اطراف جڑی بوٹیوں کی تلفی یقینی بنائیں اور رات کو روشنی کے پھندے اور ٹرائیکوگراما کارڈ لگائیں۔ تنے کی سنڈیوں کت کیمیائی انسداد کیلئے محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی زرعی ماہرین کی سفارش کردہ دانے دار زہریں حملہ کے نقصان کی معاشی حد آنے پر کھڑے پانی میں ڈالیں اور3سے5دن تک اس پانی کو کھڑا رہنے دیں۔

****